# PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT,
# KHYBER PAKHTUNKHWA

https://www.pakp.gov.pk 0919210489 Ext: 1267 https://www.facebook.com/pakpgov

## LIST OF ADMITTED CALL ATTENTION NOTICES (9th Session)

**Notice No.** **610**

**Department,** **Communication & Works**

توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 610

منجانب:۔ محترمہ فرزانہ شیرین رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ مواصلات و تعمیرات کی توجہ ایک اہم مسئلے کی جانب مبذول کرانا چاہتی ہوں وہ یہ کہ اسلام آباد، ڈیرہ اسماعیل خان سی پیک سے نیچے اتر کر مرکزی شاہراہ درہ تنگ تا لکی مروت جگہ جگہ سے انتہائی خراب اور اس پر گہرے کھڈے پڑے ہیں ۔ جس کی وجہ سے بنوں، لکی مروت، کرک اور وزیرستان کے عوام کی آمدورفت شدید متاثر، ڈکیتیوں اور چوری کے واقعات اور ٹریفک حادثات میں اضافہ ہو رہا ہے۔ صوبائی حکومت اور خصوصاً متعلقہ محکمہ اس حوالے سے کئے گئے اقدامات سے متعلق اس معزز ایوان کو آگاہ کرے۔

**Notice No.** **677**
**Department,** **Local Government, Elections & Rural Development**

توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 677

منجانب:۔ محترمہ ایمن جلیل جان رکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ بلدیات کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں وہ یہ کہ اس وقت پشاور شہر میں بڑے شاہراہوں کے علاوہ رابطہ سڑکوں، گلیوں میں سینکڑوں مین ہول کھلے پڑے ہیں، جس میں بعض اوقات پیدل راہ چلنے والے، سکول کالج کے طلباء اور خواتین و حضرات سمیت موٹر سائیکل سوار گر کر حادثات کے شکار ہو جاتے ہیں۔ براہ کرم پشاور شہر میں موجود تمام کھلے مین ہولوں کے لیے ڈھکن لگانے کا انتظام کر کے پشاور شہر کے باسیوں کو حادثات سے محفوظ بنایا جائے۔

**Notice No.** **681**
**Department ,** **Health**

توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 681

منجانب:۔ جناب سجاد اللہ رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ صحت کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ سال 2021 سے 30 نومبر 2025 تک صوبے کے گاوی (Gavi) پراجیکٹ کے تحت 657 ملازمین اپنی خدمات سرانجام دے رہے تھے۔ یہ ملازمین کووڈ 19 وبا کے دوران اپنی جانوں کو خطرے میں ڈال کر فرائض انجام دیتے رہے۔ حکومت وقت نے ان کی خدمات کے اعتراف میں کنٹریکٹ میں فوری توسیع، مستقلی اور مناسب سروس اسٹرکچر فراہم کرنے کا وعدہ بھی کیا تھا مگر تاحال اس حوالے سے عملی اقدامات نہیں کئے گئے۔ مزید برآں حکومت نے محکمہ صحت کے لیے 1250 آسامیاں تخلیق کر دی ہیں مگر محکمہ صحت کی جانب سے عدم اجرا کے باعث یہ ملازمین نہ تو کنٹریکٹ میں توسیع پا سکے اور نہ ہی مستقل ہو سکے جس کے نتیجے میں پراجیکٹ کے ملازمین میں شدید بے چینی پائی جاتی ہے۔ لہٰذا حکومت صوبے کے گاوی پراجیکٹ کے تحت خدمات سرانجام دینے 657 ملازمین کے توسیع کے ساتھ ساتھ مستقل کرے۔

CamScanner